
پیسٹ سکاؤٹنگ
اور سپرے سے متعلق
ضروریات ہدایات

ڈائریکٹوریٹ جنرل پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کنٹرول آف پیسٹیسائیڈز، پنجاب لاہور

(1) پیسٹ سکاؤٹنگ۔ (Pest Scouting)

تعریف۔ (Definition)

کسی خاص قطعہ فصل(Management Unit Field) میں ایک مقررہ وقت پر نقصان رساں عوامل (کیڑا، بیماری، جڑی بوٹی وغیرہ) کی تعداد اوران سے ہونے والے نقصان کا اندازہ لگانا۔

ضرورت:

نقصان رساں عوامل کے موثر تدارک کے لیے مناسب ترین وقت معلوم کرنا۔

پیسٹ سروے۔ (Pest survey)

ایک وسیع علاقہ میں نقصان رساں عوامل کی اوسط تعداد اوران کے نقصان کا اندازہ کرنا۔ سروے کا عمل تمام سال جاری رہتا ہے اس طرح ان علاقوں کی نشاندہی ہو جاتی ہے جہاں پر آئیندہ حملہ ہونے کا خدشہ ہوتا ہے۔ مزید یہ کہ ان عوامل کا دوران حیات معلوم کیا جاتا ہے۔



Hand Sprayer

پیسٹ سکاؤٹنگ کے فوائد۔ (Importance)

1۔ ضرررساں عوامل کی پیشین گوئی۔

2۔ ضرررساں عوامل سے متاثرہ حصوں کی نشاندہی۔



ULV Sprayer

3۔ کیڑوں کے دوران زندگی میں کمزور اور حساس پہلوؤں کی نشاندہی۔

4۔ ضرررساں کیڑوں کے انسداد کے لیے لائحہ عمل۔

5۔ کیڑوں کے خلاف سپرے کے لیے صحیح زہر اور وقت کا انتخاب۔

6۔ صرف متاثرہ حصوں کی زہر پاشی۔

7۔ مفید کیڑوں کو بڑھنے، پھولنے کا موقع ملنا۔

8۔ اندھا دھند سپرے سے بچاؤ سے سپرے کی تعداد خرچ اور وقت میں بچت۔

Power Sprayer

پیسٹ سکاؤٹنگ کے مقاصد۔

1۔ کیڑے کا رجحان۔(Pest Trend)

2۔ نقصان پہنچانے کی حد (Level of Damage)

فصل کی حالت اور بڑھوتری کی رفتار(Crop Condition And Development) فصل کے سارے عرصے کے دوران مندرجہ بالا معلومات بہم پہنچانا جن کا پہلا اور آخری مقصد پیداوار میں اضافہ کرنا اور زرعی ادویات کا بے مقصد اور اندھا دھند سپرے روکنا ہے۔

پیسٹ سکاؤٹنگ کے لیے ہدایات

1۔ فصل کا ہر ہفتے باقاعدگی سے معائنہ کیا جائے۔

2۔ فصل کی ابتدا ہی سے پیسٹ سکاؤٹنگ کی جائے۔

3۔ پیسٹ سکاؤٹنگ کے لیے صبح اور شام کا وقت نہایت موزوں ہے۔

4۔ پیسٹ سکاؤٹنگ ایک ایکڑ سے کم یا زیادہ رقبہ پر کی جا سکتی ہے لیکن 25 ایکڑ کے رقبہ کے لیے 5 ایکڑ کو پیمانہ تصور کیا جاتا ہے۔

5۔ فصلوں کی ہر قسم کی علیحدہ علیحدہ پیسٹ سکاؤٹنگ کرنا ضروری ہوتا ہے۔

نقصان کی معاشی حد کیا ہے؟ Economic Threshold Level (ETL)

کسی بھی کیڑے کے نقصان کی معاشی حد اس کیڑے کی اس سطح نقصان کو ظاہر کرتی ہے جب ان کے خلاف زہر پاشی لازمی ہو جاتی ہے یعنی نقصان کی اس حد تک زہر پاشی کی قیمت کیڑے سے پہنچنے والے نقصان سے کم یا برابر ہو اس وقت زہر پاشی نہ کرنے کی صورت میں حملہ زیادہ بڑھ جائے گا۔ کسی ایک کیڑے یا زیادہ کیڑوں کی حد حتمی نہ ہوگی بلکہ اس کا انحصار کئی عوامل پر ہوتا ہے مثلاً فصل کا قد۔ اس کی بڑھوتری، کیڑوں کے حملہ کی خاصیت یا شدت حالت اور مقدار پر ہوتا ہے۔

سپرے سے بہتر نتائج حاصل کرنے کے بنیادی اصول

1۔ صحیح کام کرتا ہوا سپریئر استعمال کریں۔ سپریئر ایک سے زیادہ رکھیں یا کہ ایک خراب ہونے پر دوسرا استعمال کیا جا سکے۔

2۔ سب سے پہلے ٹینکی کو صاف پانی سے آدھا بھر کر اس میں زہر کی مطلوبہ مقدار ڈالیں، پھر اس کو پورا بھر دیں اور سپرے کریں۔ مشین میں نہ تو پہلے زہر ڈالیں اور نہ سب سے آخر میں۔ اس طرح محلول صحیح تیار نہیں ہوگا۔

3۔ ہوا کی مخالف سمت میں سپرے نہ کریں۔

4۔ سپرے ٹھنڈے وقت یعنی صبح 9 بجے تک اور شام 4 بجے کے بعد کریں۔

5۔ سپرے کرتے وقت پودوں سے بوم کی اونچائی ڈیڑھ فٹ رکھیں تاکہ زہر کی پھوار پودوں کے ہر حصے پر پہنچ سکے۔

6۔ محلول پودوں پر زیادہ گرنے سے فصل کا نقصان ہو سکتا ہے اور کم گرنے سے کیڑے مکوڑوں کا موثر کنٹرول نہیں ہوتا۔

7۔ نوزل چیک کریں کہ ان کے سوراخ بند یا زیادہ کھلے تو نہیں خراب نوزل فوراً تبدیل کر لیں۔

8۔ کیڑے مار زہریں سپرے کرنے کے لیے ہالو کون نوزل استعمال کریں۔

سپرے کرتے وقت احتیاطی تدابیر

1۔ خالی پیٹ سپرے نہ کیا جائے کیونکہ زہر کا اثر اس حالت میں جلدی ہوتا ہے۔

2۔ زخمی آدمی سے ہرگز سپرے نہ کروائیں۔

3۔ ایک کارکن مسلسل ایک گھنٹہ سے زیادہ سپرے کا کام نہ کرے۔

4۔ سپرے کرتے وقت عینک، ماسک، دستانے، اوور کوٹ اور پاؤں میں ربڑ کے بوٹ پہنیں۔

5۔ سپرے کے دوران سانس کے ذریعے زہر کو جسم میں داخل نہ ہونے دیں۔

6۔ اگر زہر جلد پر گر جائے تو فوراً دھولیں۔

7۔ آنکھوں میں زہر پڑنے کی صورت میں 15 منٹ تک پانی سے آنکھیں دھوئیں۔

8۔ زہر کا اثر ہو جانے کی صورت میں فوراً ڈاکٹر سے رجوع کریں۔

9۔ سپرے کے فوراً بعد ہاتھ، منہ صابن اور پانی سے اچھی طرح دھولیں بلکہ بہتر ہے کہ نہالیں۔

10۔ سپرے مشین میں بچی کھچی زہر کو تالاب، نہر، کنویں یا پانی کے کھال میں ہرگز نہ گرائیں بلکہ کھیت میں چھوٹا سا گڑھا نکال کر زمین میں انڈیل دیں اور اوپر مٹی ڈال دیں۔

11۔ زہر پاشی کے بعد دستانوں، کوٹ اور مشینوں کو دھو کر صاف کر دیں۔

12۔ زہر پاشی کے بعد مرغیوں اور جانوروں کو دس دن تک فصل کے نزدیک نہ آنے دیں۔

13۔ سپرے کئے ہوئے کھیت میں فوری طور پر داخل نہ ہوں اور نہ بچوں اور مویشیوں کو اس میں داخل ہونے دیں۔ سپرے کئے ہوئے کھیت سے کم از کم 15 دن تک چارہ نہ کھلائیں اور نہ سبزی وغیرہ توڑ کر بازار لے جائیں۔



تیار کردہ

ڈائریکٹوریٹ جنرل پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کنٹرول آف پیسٹی سائیڈز پنجاب، لاہور